## اسائمنٹ B5 : آئیوڈین کی موجودگی کا ٹیسٹ: آئیوڈائزڈ سالٹ کٹ کا استعمال

**آئیوڈائزڈ سالٹ کٹ کا استعمال کرتے ہوئے یہ معلوم کریں کہ آپ جو نمک استعمال کر رہے ہیں اس میں آئیوڈین پوٹاشیم آئیوڈیٹ ( KIO3 ) کی صورت میں شامل ہے۔ محلول کو نمک کے نمونے میں شامل کریں اور رنگ کی تبدیلی کا مشاہدہ کریں۔ مختلف اقسام کے نمک کے ساتھ تجربہ کریں اور ان میں آئیوڈین کی تناسب کا اندازہ لگائیں۔**

اپنے ہم جماعتوں کے ساتھ مل کر " آئیوڈائزڈ سالٹ کٹ "کا استعمال کرنا چاہئے تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ آیا نمک میں پوٹاشیم آیوڈائٹ (KIO3) کی صورت میں آئیوڈین شامل کی گئی ہے یا نہیں۔ یہ کٹ نمک میں آئیوڈین کی موجودگی اور عدم موجودگی کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے۔

**مراحل:**

1. ٹیسٹ محلول کو نمک کے نمونے میں ڈالیں اور ایک منٹ کے اندر رنگ میں تبدیلی کا مشاہدہ کریں۔
2. حاصل شدہ رنگ کا فراہم کردہ چارٹ سے موازنہ کریں تاکہ آئیوڈین کی موجودگی یا عدم موجودگی کا تعین کیا جا سکے۔
3. مختلف اقسام کے نمک کے ساتھ تجربہ کریں اور ان میں آئیوڈین کی موجودگی کا جائزہ لیں۔